| Roll No. of the Student | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

Serial No. Of the Answer Book: ____________

Paper Code ① ● ③

اُردو لازمی پارٹ-1

وقت: 20منٹ نمبر: 20

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ہر سوال کیساتھ چار جوابات دئے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دئے گئے طریقے سے اسی شیٹ میں اور ساتھ ہی OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔●

(2) دائروں کو(شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہو گا۔

## حصہ الف

I. i. زمانے کی-------اسے زیادہ سے زیادہ بناتی سنوارتی ہے۔

Ⓐ خوبصورتی Ⓑ آرائش Ⓒ شائستگی Ⓓ مشاطگی

ii. پہلے تو جب بی بیاں گھروں سے نکلتیں تو دو دو چار چار-------ساتھ ہوتی تھیں۔

Ⓐ ماما ئیں Ⓑ لونڈیاں Ⓒ نوکرانیاں Ⓓ عورتیں

iii. ڈرامہ "زوال حیدر آباد"-------نے لکھا۔

Ⓐ آغا حشر Ⓑ خواجہ معین الدین Ⓒ مولوی عبدالحق Ⓓ رتن ناتھ سرشار

iv. کالے چشمے بھی ایک-------ہیں۔

Ⓐ غنیمت Ⓑ نعمت Ⓒ مصیبت Ⓓ حزیمت

v. مرزا دبیر-------کے ہم عصر تھے۔

Ⓐ الطاف حسین حالی Ⓑ میر درد Ⓒ میر انیس Ⓓ میر تقی میر

vi. سسلی کا عربی نام-------ہے۔

Ⓐ میلان Ⓑ مصر Ⓒ اپادانہ Ⓓ صیقلہ

Result.pk

vii. ماہر القادری کی اصل شہرت-------کی وجہ سے ہے۔

Ⓐ نعت گوئی Ⓑ غزل گوئی Ⓒ مرثیہ نگاری Ⓓ نظم گوئی

viii. دنیا عاشقوں کا بازار ہے کوئی تیرا خریدار ہے کوئی میرا-------ہے۔

Ⓐ خریدار Ⓑ پرستار Ⓒ طلب گار Ⓓ طرف دار

ix. غزل کے تمام اشعار کا مفہوم-------ہوتا ہے۔

Ⓐ ایک Ⓑ متضاد Ⓒ مبارک Ⓓ الگ الگ

x. الطاف حسین حالی-------میں پیدا ہوئے۔

Ⓐ سیالکوٹ Ⓑ پانی پت Ⓒ دلی Ⓓ امرتسر

xi. افسوس کہ موسم خزاں کا تھا نہ-------نہ پات۔

Ⓐ پھل Ⓑ پھول Ⓒ درخت Ⓓ گل

xii. آبادی کے دباؤ کی-------قسمیں ہیں۔

Ⓐ دو Ⓑ چار Ⓒ چھ Ⓓ آٹھ

xiii. "مباحث اور اشارات تنقید" کے مصنف۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

Ⓐ مولوی ذکاء اللہ Ⓑ ڈاکٹر عبادت بریلوی Ⓒ ڈاکٹر سید عبداللہ Ⓓ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

xiv. مولوی ذکاء اللہ۔۔۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔

Ⓐ 1832ء Ⓑ 1833ء Ⓒ 1835ء Ⓓ 1837ء

xv. حضور! یہ خوجی تو بڑے ہی۔۔۔۔۔۔۔ آدمی ہیں۔

Ⓐ پھیکے Ⓑ روکھے Ⓒ تیکھے Ⓓ غصیلے

xvi. کسی شاعر کے ایک مصرعے پر دوسرا مصرع لگا کر شعر کہنا۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

Ⓐ تلمیح Ⓑ تضاد Ⓒ تضمین Ⓓ لف و نشر

xvii. قوم بھی۔۔۔۔۔۔۔ کا مجموعہ ہے۔

Ⓐ عادتوں Ⓑ حالتوں Ⓒ ہمدردی Ⓓ روایات

xviii. میر حسن نامور ہجو گو۔۔۔۔۔۔۔ کے بیٹے تھے۔

Ⓐ میر ضاحک Ⓑ میر خلیق Ⓒ میر درد Ⓓ میر انیس

xix. مجدد الف ثانی نے۔۔۔۔۔۔۔ کے دور میں سختیاں جھیلیں۔

Ⓐ اکبر Ⓑ جہانگیر Ⓒ ہمایوں Ⓓ شاہ جہان

xx. جس نظم کے ہر بند میں۔۔۔۔۔۔۔ مصرعے ہوں اسے مسدس کہتے ہیں۔

Ⓐ چار Ⓑ پانچ Ⓒ چھ Ⓓ چودہ

Result.pk

اردو لازمی پارٹ-I

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

## حصہ ب

نمبر 50

II- مندرجہ ذیل میں سے کسی 10 اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. خواجہ میر درد کی شاعرانہ خصوصیات پر نوٹ لکھیں۔

ii. کس بادشاہ نے خود کو وکیل الرعایا کہا اور کیوں؟

iii. مولوی صاحب نے وکٹوریہ والا سے کیسے اپنی جان چھڑائی۔

iv. نظم "نصیحت اخلاقی" کا مرکزی خیال لکھیں۔

v. مصنف سحر خیزی کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

vi. ولیم ڈراگن کے اصول کا مفہوم بیان کریں۔

vii. ادب کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔

viii. داروغہ کے کردار پر نوٹ لکھیں۔

ix. مصنف نے جھوٹے لوگوں کی کون سی خصلتیں بیان کی ہیں؟

x. ڈاکٹر سید عبداللہ کے مطابق قومیت اور علاقائیت کے مابین کیا فرق ہے؟

xi. صنعت حسن تعلیل اور تلمیح کی تعریف کریں اور ایک ایک مثال دیں۔

xii. حضرت علی اکبرؓ نے اپنے خطاب میں کیا ارشاد فرمایا؟

xiii. جملوں میں استعمال کریں۔ (حجت بازی، نقطہ نظر، نیک نیتی، خود اعتدالی، انتشار)

## حصہ "ج"

نمبر 30

Result.pk

III. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 10

(الف) "معلوم نہیں کس نے بے خیالی میں یہ بے پر کی اڑا دی تھی کہ اقبال سرے سے وطنیت کے مخالف تھے۔ اقبال عقائد اور وطن کی وحدت میں گہرا عقیدہ رکھتے تھے اور وہ وطن کے صرف اس تصور کے مخالف تھے کہ جس کی بنیاد، مغرب نے چھوٹے چھوٹے نسلی تعصبات اور مادہ پرستی کی تفریق پر قائم کی تھی اور جس سے نسلی قومیت اُبھری"۔

(ب) "ہم تمام عمر رئیسوں ہی کی صحبت میں رہے ہیں، گھانس نہیں چھیلا کیئے ہیں۔ بائیں ہاتھ سے بیس روپے اِدھر رکھ دیجئے اور بیسیوں چہرہ شاہی ہوں۔ بس اسی میں خیر ہے، ورنہ الٹی آنتیں گلے پڑیں گی۔ اب سوچتے کیا ہو؟ ذرا چین چپڑ کرو، تو ابھی ابھی قلعی کھول دوں۔ یہ اکڑ ناوکڑ نا سب بھول جائے اور یوں تو بیس پر معاملہ ہوتا ہے۔ بولو۔ اب کیا رائے ہے"؟

IV. شاعر اور صنف کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ 10

(الف) رکھتا ہے خاندان کی عزت کا وہ خیال
نیکوں کا دوست صحبت بد سے نفور ہے
کسب کمال کی ہے شب و روز اس کو دھن
علم و ہنر کے شوق کا دل میں وفور ہے۔

(ب) کوئی نا اُمیدانہ کرکے نگاہ
سو تم ہم سے منہ بھی چھپا کر چلے
جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی
حق بندگی ہم ادا کر چلے

V. مہنگائی کے موضوع پر گاہک اور دکاندار کے مابین مکالمہ تحریر کریں۔ 5

VI. اپنے دوست کو اپنے علاقے کے حالات کے متعلق خط لکھیں۔ 5